افسوس ہے کہ جگہ کی قلت کی وجہ سے ہم نہ اس کتاب کے اچھے اچھے مندرجات کو پیش کر سکتے ہیں ، نہ اخلاقی نکات پر بحث کر سکتے ہیں -

---

ترکی کا مردِ مجاہد | تصنیف ڈاکٹر سعید رمضان البوطی - ترجمہ از مولینا خلیل حامدی - ناشر: ادارہ معارف اسلامی منصورہ - لاہور - تقسیم کنندہ : المنار بک سنٹر منصورہ ملتان روڈ ، لاہور - کوڈ ۵۴۷۰۰ -

مشرق و مغرب کے درمیان ایک پل کی طرح قائم ترکی بڑی اہمیت کی مسلم سلطنت ہے - جہاں اسلام اور مغربیت اور سیکولرازم اور آمریت کی شدید کشمکش کی لمبی تاریخ ہے - یہاں جن ہستیوں نے انور پاشا کے بعد لادینی آمریت کے پتھروں کو توڑ توڑ کر دعوتِ اسلام کے لیے راستہ بنایا ، ان میں بڑا ممتاز مقام بدیع الزمان سعید نورسی کا ہے - ترکی قوم اور نوجوانوں میں بیداری پیدا کرنے کے لیے اس مجاہد نے مخالفتوں اور قید و بند کے باوجود بڑی عرق ریزی سے کام کیا ہے - اس کی روداد لکھنے والا بھی صاف دل ہے اور ترجمہ کرنے والے صاحب بھی متاعِ سوز و ساز رکھتے ہیں -

---

گلشنِ اقبال | مصنّف : پروفیسر اسرار احمد خان سہاوری - ایم اے - ناشر محمد انور خلیلی - ملنے کا پتہ : دارالاشاعت ادارۂ تنظیم مساجد ۱۱۵ - سی سٹیلائٹ ٹاؤن ، گوجرانوالہ
قیمت : ۱۵/۰ روپے -

میرے محترم دوست ، بھائی ، ادیب ، شاعر ، معلّم ، دانش ور ساری عمر تعمیری و فلاحی ادب کی خدمت کرتے رہے اور اب بھی وہ خون اور پسینے کی آخری بوندیں اسی سفرِ عشق میں کھپا رہے ہیں - میرے دل میں ان کی بڑی قدر ہے - مگر جب کتابوں کا ڈھیر (اس وقت بھی یک صد کتابیں برائے ریویو ہوں گی) دیکھتا ہوں تو ہر مرتبہ جن اپنوں کی